**SET-4**

**Series SGN**

کوڈ نمبر **Code No. 256**

Roll No. | | | | | | | |

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجیے کہ اس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد 7 ہے۔
- پرچہ کے داہنی طرف چھپا کوڈ نمبر طالب علم کو اپنی جواب کاپی کے اُوپر صفحہ پر لکھنا ہوگا۔
- آپ دیکھ لیجیے کہ پرچہ میں چھپے سوالات کی تعداد 28 ہے۔
- **کسی بھی سوال کا جواب لکھنے سے پہلے سوال کا سیریل نمبر ضرور جواب کاپی میں لکھیں۔**
- سوال کا پرچہ پڑھنے کے لیے 15. منٹ کا وقت دیا گیا ہے۔ سوال کے پرچہ کو صبح۔ 10.15 منٹ پر تقسیم کیا جائے گا۔ 10.15 سے 10.30 منٹ تک طلباء صرف پرچہ پڑھیں گے اور اس وقفے کے دوران وہ جواب کاپی پر کچھ نہیں لکھیں گے۔

- Please check that this question paper contains **7** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **28** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 minute time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# نفسیات (نظریہ)

# PSYCHOLOGY (Theory)

## (Urdu Version)

مقررہ وقت: ۳ گھنٹے کل نمبر: ۷۰

*Time allowed : 3 hours* *Maximum Marks : 70*

## عام ہدایات :

(i) سبھی سوال لازمی ہیں۔

(ii) ہر سوال کے نمبر اُس کے مقابل درج ہیں۔

(iii) جواب مختصر اور سوال کے مطابق ہونا چاہیے۔

(iv) حصّہ۔ A میں 1 سے 10 سوال لرننگ چیک (بہت مختصر الجواب قسم) کے ہیں۔ ہر سوال 1 نمبر کا ہے۔ آپ کو دی گئی ہدایت کے مطابق جواب دینا ہے۔

(v) سوال نمبر 11 سے 16 حِصّہ۔B میں بہت مختصر الجواب قسم کے ہیں۔ ہر ایک سوال 2 نمبر کا ہے۔ ان میں کسی سوال کا جواب 30 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔

(vi) سوال نمبر 17 سے 20 حصّہ۔C میں مختصر الجواب قسم -I ہیں۔ ہر ایک سوال 3 نمبر کا ہے۔ ان میں کسی سوال کا جواب 60 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔

(vii) سوال نمبر 21 سے 26 تک حصّہ۔D میں مختصر الجواب قسم -II ہیں۔ ہر ایک سوال 4 نمبر کا ہے۔ ان میں سے کسی سوال کا جواب 100 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہیے۔

(viii) سوال نمبر 27 اور 28 حصّہ۔E میں طویل الجواب ہیں اور ہر ایک سوال 6 نمبر کا ہے۔ کسی سوال کا جواب 200 الفاظ سے زائد نہیں ہونا چاہیے ۔

## A- حصّہ

1- جذباتی اہلیت سے مراد ہے۔

(a) جذبات کی خودنگرانی

(b) رویے کو ہینڈل کرنے کی خود اہلیت

(c) رویے میں بھید بھاؤ/امتیاز

(d) رویے میں مستقل مزاج (ثابت قدم) 1

2- حقیقت کو توڑ مروڑ کر تشویش کو کم کرنے کا ایک ذریعہ--------------- ہے۔ 1

3- مایوسی / احساسِ نامرادی (فرسٹریشن) نفسیاتی دباؤ کا ایک ماخذ ہے۔(صحیح / غلط)۔ 1

4- حیاتیاتی بیماری کی کوئی علامت نظر آئے بغیر تیز درد کا ہونا ........................ بیماری کی ایک مثال ہے۔ 1

5- خواب کی طرح اپنے آپ کو اصلیت سے الگ کرنا------ کہلاتا ہے۔ 1

6 - الیکٹر کنولسیو تھیرپی (ای-سی-ٹی) بائیومیڈیکل تھیرپی کا ہی دوسرا نام ہے۔(غلط / صحیح)۔ 1

7- خاص سماجی حالات میں دکھائی دینے والے کردار کو کوئی وجہ دینے کا عمل---------- کہا جاتا ہے۔ 1

8۔ گروپ میں بہت زیادہ اتحاد (ربط) ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نتیجہ ہے۔ 1

9۔ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سیاق بتاتا ہے کہ طبعی ماحول خاص طور پر اس لیے ہوتا ہے کہ انسان اس کا استعمال اپنے آرام کے لیے کرے۔ 1

10۔ بین الافراد ترسیل( Interpersonal communication ) دو آدمیوں کے درمیان ترسیل (بات چیت) ہوتی ہے۔( صحیح / غلط) 1

## حصّہ - B

11۔ ٹائپ 'سی' قسم کی شخصیت سے آپ کیا سمجھتے ہیں ؟ 2

12۔ تناؤ (Stress) کے کرداری اثرات بیان کیجیے۔ 2

13۔ مادوں (Substance) پر دارومدار (انحصار) کیا ہے ؟ 2

14۔ علٰیحدہ تشویش کی بیماری (Separation anxiety disorder) (ایس۔اے۔ڈی) کو سمجھائیے۔ 2

15۔ غربت کے سیاق میں امتیاز / تفریق کو بیان کیجیے۔ 2

16۔ اعادۂ مضمون (Paraphrasing ) کیا ہے ؟ 2

## حصّہ - C

17۔ شخصیت کو سمجھنے کے لیے شخصیت کے اندرونی طرزِ عمل (اِنٹرا ایکشنل اپروچ۔ آپسی ربط کا نظریہ) بیان کیجیے۔ 3

18۔ سماجی تسہیل (Social facilitation) کیا ہے ؟ 3

19 ۔ جارحیت (Aggression) کے کوئی تین اسباب بیان کیجیے۔ 3

20 ۔ سننے (Listening) میں کلچر کا رول بیان کیجیے۔ 3

یا

غیر زبانی ترسیل (Non-verbal communication) بیان کیجیے۔

## حصّہ -D

21۔ جذباتی ذہانت بیان کیجیے۔ ایک جذباتی ذہانت والے شخص کی کوئی دو خصوصیات بتائیے۔ 4

22۔ شخصیت کی جانچ کے لیے خود رپورٹ کرنے کا طریقہ استعمال کرنے کی کلیدی (اہم) خصوصیات بیان کیجیے۔ 4

23۔ مثبت صحت کی نشوونما میں مددگار (تسہیل Facilitate) کوئی چار اہم عوامل مختصر بیان کیجیے۔ 4

24۔ وفوقی طرزِنظر سے ذہنی مرض (Mental disorder) بیان کیجیے۔ 4

25۔ رویّہ (Attitude) اور برتاؤ (Behaviour) کا آپسی رشتہ مناسب مثالوں کے ذریعے بیان کیجیے۔ 4

26۔ شخصیت کی انسانی طرزِفکر کی خاص باتوں کو بیان کیجیے۔ 4

یا

کردار کے جائزے (Behavioural analysis) کے کوئی دو طریقے بیان کیجیے۔

## حصّہ ۔ E

27۔ گروپ تصادم (Group conflict) کے اسباب بیان کیجیے۔ تصادم یا کشاکش کو حل کرنے کے لیے کوئی تین حکمت عملیاں بیان کیجیے۔ 6

یا

'گروپ تقطیب' (گروپ کا دو دھڑوں میں بٹنا Group polarisation) بیان کیجیے۔
گروہی تقطیب کے واقع ہونے کے اسباب بیان کیجیے۔

28۔ نفسیاتی تھیرپی (Psychotherapy) میں تھیرو پیٹک (Therapeutic) رشتے کی اہمیت بیان کیجیے۔ 6

**یا**

ایک شخص کو کاکروچ (Cockroach) سے ڈر لگتا (Phobia) ہے۔ سماجی آموزش کے نظریے (Social learning perspective) اور نفسیاتی تجزیے کرنے والے (Psychoanalyst) لوگوں کے نظریے سے مثالیں دے کر اس ڈر (Phobia) کو بیان کیجیے۔